## ایم کیوایم کے کارکنان وعوام ایک سیاسی رہنماء کے اشتعال انگیز بیانات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اوراپنے جذبات کو قابو میں رکھتے ہوئے صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔الطاف حسین کی اپیل

## عوام اورکارکنان پرامن مظاہروں کا سلسلہ بھی بند کردیں اوراگراس ضمن میں جو چاکنگ کی گئی ہے اسے بھی مٹادیں

## مخالف سیاسی رہنماؤں کے اشتعال انگیز بیانات کا جواب دیتے ہوئے تہذیب وشائستگی کا دامن کسی صورت میں نہ چھوڑیں۔ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں،منتخب نمائندوں اورکارکنوں کو ہدایت

لندن۔۔۔28مئی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام،ماؤں،بہنوں،بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایک سیاسی رہنماء کے اشتعال انگیز بیانات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اوراپنے جذبات کو قابو میں رکھتے ہوئے صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے عوام اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ اس سلسلہ میں پرامن مظاہروں کا سلسلہ بھی بند کردیں اوراگراس ضمن میں جو چاکنگ کی گئی ہے اسے بھی مٹادیں کیونکہ میں نے ہمیشہ اپنے کارکنوں اورعوام کو پیار،محبت شائستگی اورامن کے راستے پر چلنے کا درس دیا ہے۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے تمام رہنماؤں،منتخب نمائندوں اورکارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ مخالف سیاسی رہنماؤں کے اشتعال انگیز بیانات کا جواب دیتے ہوئے تہذیب وشائستگی کا دامن کسی صورت میں نہ چھوڑیں اورتہذیب وشائستگی کے ساتھ اپنا جواب اورنکتہِ نظر عوام کے سامنے پیش کریں۔جناب الطاف حسین نے عوام اورکارکنوں سے کہا کہ مجھے آپ کے جذبات اورغم وغصہ کا اچھی طرح اندازہ ہے لیکن میں آپ سے یہی اپیل کروں گا کہ آپ اپنے جذبات قابو میں رکھیں اوراپنے عمل وکردار سے دنیا کو بتادیں کہ ہم پیار محبت کے راستہ پر چلنے والے پرامن اورثابت قدم لوگ ہیں اوراس بات پر یقین رکھیں کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ دیکھنے اور سننے والا ہے۔انہوں نے کہا کہ میرا ہمیشہ یہی پیغام تھا اورآج بھی یہی پیغام میں پورے ملک کے عوام کو دینا چاہتا ہوں کہ،

ان کا جو کام ہے وہ اہل سیاست جانیں
میرا پیغام محبت ہے جہاں تک پہنچے

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کی تنظیم نو۔نئے سیکٹر انچارج اورسیکٹر کمیٹی کا اعلان

## ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد جاری رہے گی۔انور عالم

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کی تنظیم نو،جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔28،مئی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ انقلابی تحریک کے ساتھ ایک سیاسی قوت بھی ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے سمیت 98فیصد غریب عوام کے مسائل کے حل عملاً جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرانہوں نے یم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی اورذیلی یونٹوں کی تنظیم نو کا اعلان بھی کیا اورنومنتخب عہدیداران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی تنظیمی ذمہ داری پوری ایمانداری اوردیانتداری سے انجام دیں۔اپنے خطاب میں انور عالم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک سچی انقلابی تحریک ہے جو سندھ میں دوسری اورملک میں تیسری بڑی جماعت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام سندھ سے نکل کر پنجاب،سرحد،بلوچستان،سرحد اورآزاد کشمیر تک پھیل چکا ہے اوریہی وجہ ہے کہ جاگیرداروں،وڈیروں اورسرداروں کو ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے اوروہ ایم کیوایم کو روکنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اترآئے ہیں۔ایم کیوایم کو بدنام کرنے کیلئے اس کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے۔انہوں نے تمام کارکنان وذمہ داران سے کہا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اورتمام ترسازشوں کے باوجود صبر واستقامت اورثابت قدمی سے اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔آخر میں انہوں نے تمام نومنتخب عہدیداران اورذمہ داران کو اپنی اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دی۔اس موقع پر کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج اسحاق فلسطینی بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون کے کارکن فقیر محمد پھلپوٹو ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق۔الطاف حسین کا اظہارافسوس

کراچی ۔۔28 مئی 2007ء۔۔ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ نصیرآباد کے کارکن فقیر محمد پھلپوٹو ولد محمد حسین پھلپوٹو ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے ۔فقیر محمد پھلپوٹو اپنے گاؤں نصیرآباد آرہے تھے کہ راستے میں ڈاکوؤں نے ان پر شدید فائرنگ کردی جسکے باعث وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے ۔فقیر محمد پھلپوٹو کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ان کے جنازے میں حق پرست صوبائی مشیر ڈاکٹر ایوب شیخ، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی لونگ خان چنہ، ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زونل کمیٹی کے ارکان، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے فقیر محمد پھلپوٹو کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرارواقعی سزادی جائے۔دریں اثنائمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے فقیر محمد پھلپوٹو کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہےایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے فقیر محمد پھلپوٹو مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدبہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔آمین

## رابطہ کمیٹی کا ایم کیوایم سانگھر زون اورٹنڈوالہ یار کے کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی ۔۔28 مئی 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سانگھڑ زون کے زونل ممبر جمشید کی ہمشیرہ زرینہ اورٹنڈوالہیار کے کارکن کے نومولود بچے محمد حنیزا کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت افردوس میں جگہ دےاور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔آمین

☆☆☆☆☆☆